حکومتِ پاکستان

(ریونیوڈویژن)

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، مورخہ 15 اپریل، 2025

نوٹیفکیشن

S.R.O.609 (I)/2025 حسبِ ذیل **کسٹمز قواعد 2001** میں مجوزہ مزید ترمیم کا مسودہ، جو **فیڈرل بورڈ آف ریونیو**، کسٹمز ایکٹ 1969 (IV آف 1969) کی دفعہ 219، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی دفعہ 50، فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کی دفعہ 40 اور انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (XLIX آف 2001) کی دفعہ 237 کے تحت تیار کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، تمام متعلقہ افراد کی معلومات کے لیے شائع کیا جاتا ہے۔ نیز، مذکورہ دفعہ 219 کی ذیلی دفعہ (3A) کے تحت اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر اس مسودہ پر کسی کو کوئی اعتراض یا تجاویز ہوں تو وہ **سات (7) دن** کے اندر اندر بورڈ کو غور وخوض کے لیے ارسال کی جاسکتی ہیں۔ موصولہ تجاویز یا اعتراضات کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو مدنظر رکھے گا۔

مجوزہ ترمیمات

مذکورہ قواعد میں، قاعدہ 1122 کو منسوخ کر کے مندرجہ ذیل متن شامل کیا جائے:

1122 "۔ **تھرڈ پارٹی آڈٹ اور نگرانی**۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر سسٹم کا تھرڈ پارٹی آڈٹ سالانہ بنیاد پر اور ٹریکنگ سروسز کی وقفے وقفے سے تھرڈ پارٹی نگرانی کا بندوبست کرے گا۔ تھرڈ پارٹی آڈٹ رپورٹ جہاں ضرورت ہو سسٹم میں بہتری، اصلاحی اور تدارک کی اقدامات کے لیے استعمال کی جائے گی۔"

[C. No. 1(4)T&BT/2023]

(زبیر شاہ)

سیکرٹری (ٹرانزٹ و بارڈر ٹریڈ)